# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017

## HISTORY

**Section A: Multiple Choice Questions**
**Marks: 20          Time: 30 Minutes**

| Roll No | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|

### ہدایات

1. ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔جوابات کے لئے دیئے گئے علیحدہ جوابی پرچے پر متعلقہ دائرے میں سیاہ رنگ بھریں۔سوالیہ پرچے پر جوابات کے نشان نہ لگائیں۔
2. جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔
3. سوالیہ پرچے پر سوال نمبر مثلاً 1, 2, 3, 4, 5... اوراس کے صحیح جواب مثلاً A, B, C, D کو نوٹ کریں اور اس کے بعد جوابی پرچے پر اُسی سوال نمبر کے سامنے صحیح جواب کا دائرہ بھریں۔

سوالیہ پرچہ

| Q.2 | Choose the correct sentence. |
|---|---|
| | A. She written a letter. |
| | B. She is write a letter. |
| | C. She wrote a letter. |
| | D. She is written a letter. |

جوابی پرچہ

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Ⓐ | Ⓑ | Ⓒ | Ⓓ |
| 2. | Ⓐ | Ⓑ | ● | Ⓓ |
| 3. | Ⓐ | Ⓑ | Ⓒ | Ⓓ |
| 4. | Ⓐ | Ⓑ | Ⓒ | Ⓓ |

اوپردی گئی مثال میں سوال نمبر 2 کادرست جواب C ہے جس کے لئے جوابی پرچے میں سوال نمبر 2 کے سامنے C کا دائرہ سیاہ رنگ میں بھرا ہوا ہے۔

**Q.1** آزاد تجارتی پالیسی بنانے والے لارڈ رپن کب وائسرائے بنے؟

A. 1858
B. 1861
C. 1880
D. 1905

**Q.2** برطانوی دور میں زراعت کا محکمہ کس وائسرائے ہند کے دور میں قائم ہوا؟

A. لارڈ رپن
B. لارڈ میو
C. لارڈ کرزن
D. لارڈ ماؤنٹ بیٹن

**Q.3** 1857 کی جنگ آزادی کے بعد انگریزوں نے ہندوستان کے لئے 1861 کا ایکٹ بنایا تاکہ

A. مسلمانوں سے انتقام لیا جائے۔
B. ہندوؤں کو طاقتور بنایا جائے۔
C. ہندوستانیوں کو اقتدار میں شریک کیا جائے۔
D. ہندوستان کو ترقی یافتہ بنایا جائے۔

**Q.4** علماء کرام میں دوریاں کم کرنے اور مسلمانوں کے لئے متوازن نصابِ تعلیم لانے کے لئے

A. علی گڑھ یونیورسٹی بنائی گئی۔
B. مدرسہ ندوۃالعلماء بنایا گیا۔
C. اسلامیہ کالج بنایا گیا۔
D. سندھ مدرسۃالاسلام بنایا گیا۔

Result.pk

**Q.5** کانگریس کے قیام کا مقصد یہ تھا کہ

A. ہندوؤں کا تحفظ کیا جائے۔
B. مسلمانوں کا تحفظ کیا جائے۔
C. ہندوستانیوں کے حقوق کا تحفظ کیا جائے۔
D. ہندوستان کو آزاد کروایا جائے۔

**Q.6** قائداعظم کی کوششوں سے لکھنؤ پیکٹ میں طے پایا کہ

A. مسلمانوں کو آزادی دی جائے۔
B. مسلمانوں کے لئے الگ نمائندگی دی جائے۔
C. آپس میں جھگڑا ختم کیا جائے۔
D. مسلمان کانگریس کی حمایت کریں۔

**Q.7** تحریک خلافت اور تحریک نجات کے اتحاد کا مقصد یہ تھا کہ

A. انگریزوں سے جنگ کی جائے۔
B. انگریزوں کو ملک سے نکال دیا جائے۔
C. انگریز حکومت سے عدم تعاون کیا جائے۔
D. انگریزوں کی حمایت کی جائے۔

**Q.8** دہلی تجاویز قائداعظم کی سربراہی میں آل انڈیا مسلم لیگ نے مرتب کیے تھے

A. مسلمانوں کی بالادستی کیلئے۔
B. ہندوؤں کی بالادستی کیلئے ۔
C. دہلی میں حکومت قائم کرنے کیلئے۔
D. کانگریس سے باہمی اتحاد کیلئے۔

**Q.9** نہرو رپورٹ تیار کرنے والی کمیٹی کے سربراہ کا تعلق تھا

A. کنزرویٹو پارٹی سے۔

B. انڈین نیشنل کانگریس سے۔

C. آل انڈیا مسلم لیگ سے۔

D. خاکسار پارٹی سے۔

**Q.10** علامہ اقبال کے خطبہ الہ آباد کا مرکزی نکتہ تھا

A. دو قومی نظریہ۔

B. جداگانہ انتخاب۔

C. مسلمان اکثریتی علاقوں کو ایک صوبہ بنانا۔

D. ہندوستان پر مسلمانوں کی حکومت قائم کرنا۔

**Q.11** آل انڈیا مسلم لیگ نے سندھ کو بمبئی سے جدا کرنے کا مطالبہ کیا کیونکہ سندھ

A. مسلم اکثریتی صوبہ تھا۔

B. رقبے کے لحاظ سے ایک بڑا صوبہ تھا۔

C. ہندوستان کا مرکزی صوبہ تھا۔

D. امیر ترین صوبہ تھا۔

**Q.12** 1937 کے انتخابات میں آل انڈیا مسلم لیگ کو پنجاب میں بھی اکثریت حاصل نہ ہونے کی وجہ تھی

A. کانگریس کی مقبولیت۔

B. مسلم لیگ کی غیر مقبولیت۔

C. سر سکندر حیات کی پارٹی۔

D. عبدالغفار خان کی پارٹی۔

**Q.13** کانگریسی حکومت دو جھنڈے جن قوموں کیلئے لگاتی تھی وہ تھیں

A. انگریز اور ہندو ۔

B. انگریز اور مسلمان۔

C. ہندو اور مسلمان۔

D. سکھ اور ہندو۔

**Q.14** برطانوی حکومت نے سر سٹیفورڈ کرپس کو کرپس مشن کے ساتھ ہندوستان بھیجا تاکہ

A. سیاسی جماعتوں کو کسی متفقہ فارمولا پر راضی کر سکے۔

B. پہلی جنگ عظیم کے لئے حمایت حاصل کر سکے۔

C. ہندوستان سے انگریزوں کی واپسی ممکن ہو سکے۔

D. ہندو مسلم اتحاد کے لئے سفارشات تیار کر سکے۔

Result.pk

**Q.15** 'ہندوستان چھوڑ دو' تحریک کو قائد اعظمؒ اس لئے سازش سمجھتے تھے کیونکہ یہ تھی

A. مسلمانوں کو نکالنے کے لئے۔

B. سکھوں کو نکالنے کے لئے۔


C. کانگریس کے مفاد کے لئے۔

D. انگریزوں کے مفاد کے لئے۔

**Q.16**

**چارٹ**

عنوان ____________




درج بالا چارٹ کے لیے مناسب عنوان ہو گا:

A. کرپس مشن

B. سائمن کمیشن

C. کابینہ مشن پلان

D. کمیونل ایوارڈ

**Q.17** مسلم لیگ نے کیبنٹ مشن پلان کو تسلیم کرنے کا فیصلہ واپس اس لیے لیا کیونکہ اس میں

A. ہندوؤں کو اہمیت دی گئی۔

B. کانگریس کا مطالبہ مانا گیا۔

C. مسلم لیگ کو عبوری حکومت میں شامل نہیں کیا گیا۔

D. مسلم لیگ کو کیبنٹ مشن میں شامل نہیں کیا گیا۔

**Q.18** فرض کریں آپ کو 1946 کے الیکشن کے بعد عبوری حکومت بنانے پر مبنی ایک سکول ڈرامے میں وزیر خزانہ کا کردار ملا۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ

A. اسماعیل ابراہیم چندریگر ہیں اور صنعتی پالیسی کا اعلان کریں گے۔

B. لیاقت علی خان ہیں اور بجٹ پیش کریں گے۔

C. جواہر لعل نہرو ہیں اور کابینہ سے خطاب کریں گے۔

D. راجہ گوپال اچاری ہیں اور تعلیمی پالیسی کا اعلان کریں گے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| Q.19 | 3جون کے منصوبے کا اصل مقصد یہ تھا کہ<br>A. انگریز ہندوستان سے چلے جائیں۔<br>B. ہندوؤں کو ملک کا اختیار دیا جائے۔<br>C. نئے ممالک کی آزادی کو یقینی بنایا جائے۔<br>D. انگریزوں کا ہندوستان پر اقتدار مضبوط ہو جائے۔ | Q.20 | پاکستان کی آئین ساز اسمبلی کے پہلے اجلاس کی صدارت جوگندر ناتھ منڈل نے کی<br>A. پاکستانی کی حیثیت سے۔<br>B. ہندوستانی کی حیثیت سے۔<br>C. ہندو کی حیثیت سے۔<br>D. سکھ کی حیثیت سے۔ |

Result.pk

# GRADE – VIII MODEL PAPER 2017

## HISTORY

| Section B: Constructed Response and Extended Response Questions<br>Time: 1 hour 30 minutes    Marks: 30 | Roll No. | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

**ہدایات:**

1. ہر سوال کا جواب دینا ضروری ہے۔ 2. جواب دینے سے پہلے سوال کو غور سے پڑھیں۔ 3. سوال کا جواب دی گئی جگہ پر تحریر کریں۔

### Constructed Response Questions

سوال نمبر۔1 ایسٹ انڈیا کمپنی سے اقتدار منتقل کرنے کے لیے کونسا ایکٹ لاگو کیا گیا اور اس ایکٹ سے اقتدار کس طرح منتقل ہوا؟ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔2 سر سید احمد خان کی انگریزوں اور مسلمانوں کے درمیان غلط فہمیاں ختم کرنے کی خواہش کیوں تھی؟ چار نکات تحریر کریں۔ (کل 4 نمبر)

Result.pk

سوال نمبر۔3 شملہ وفد وائسرائے ہند سے کب ملا؟ پاک و ہند کے مسلمانِوں کو کن دو سیاسی مشکلات نے شملہ وفد کے لئے مجبور کیا؟ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔ 1937 کے انتخابات کے بعد مولانا ابوالکلام آزاد نے کانگریس کی طرف سے چوہدری خلیق الزمان کو مشترکہ حکومت کے لئے جو شرائط پیش کیں وہ مسلم لیگ کے لئے قابل قبول نہیں تھیں۔ **ان** میں سے کوئی چار شرائط لکھیں۔ (کل 4 نمبر)

سوال نمبر۔5 تین جون کے منصوبے پر عمل کرنے کے لئے برطانوی وزیر اعظم نے ہندوستان میں کونسی اہم تبدیلی کی اور تقسیم ہند کا عمل کس طرح آگے بڑھایا؟ (کل 3 نمبر)

سوال نمبر۔6 عام انتخابات (46-1945) نے ہندوستان کی تاریخ میں جو تبدیلیاں نمایاں کیں اُن کو تین نکات میں تحریر کریں۔ (کل 3 نمبر)

Result.pk

## Extended Response Questions

سوال نمبر۔7 قراردادِ پاکستان کب منظور ہوئی؟ قائدِ اعظمؒ کی صدارتی تقریر کی روشنی میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان تین فرق بتائیں اور یہ بھی بتائیں کہ قائدِ اعظم نے کیا حل پیش کیا۔ (کل 5 نمبر)

سوال نمبر۔8 نہرورپورٹ کب پیش کی گئی؟اس رپورٹ کے ایسے چار نکات تحریر کریں جن میں مسلمانوں کے مطالبات کو نظرانداز کیا گیا تھا۔ (کل 5 نمبر)

Result.pk